Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۸ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ مطابق ۴ جنوری ۱۹۳۶ء

حصہ اول

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

(۱) منظوری تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت معافی محصول نشکر یہ شدہ ریاست برگماٹ بائے ... (۲)

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۲۳؍ دسمبر ۱۹۲۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۱۹؍ دسمبر ۱۹۲۵ء

میں تجویز عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت معافی

محصول "شکر" پیدا شدہ "ریاست" برائے سہ سال بر گھاٹ ہائے

مفصلہ ذیل۔

گھاٹ ہائے متعلقہ دریائے کوسی :- ٹانڈہ بادلی پور۔ گنجر یا یعنی گنگاپور۔ پرانی پیپلی۔

گھاٹ متعلقہ دریائے رام گنگا۔ شاہ آباد۔

گھاٹ متعلقہ دریائے پیلاکھار :- بگھری۔

پیش ہو کر طے پایا کہ :-

بغرض ترقی تجارت شکر و سہولت ٹرانسپورٹ فی الحال

تین سال کے لئے ریاست کی پیدا شدہ شکر پر گھاٹ

ہائے مصرحہ بالا کا محصول عبور معاف کیا جاتا ہے

معافی محصول سے جسقدر کمی آمدنی ریاست میں ہوگی

وہ ڈیویلپمنٹ فنڈ سے ادا کیجائیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اصل کاغذات

بعد اجرائے احکام عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

کی خدمت میں ارسال ہوں۔ دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

سررشتہ متعلقہ کو ایک نقل جو تفصیلات کو فوراً بھیجی جائے

جسمیں یہ ہدایت ہو کہ وہ اسکا عام اعلان کر دیں اور حکام

متعلق کو اطلاع دیدیں۔ نیز ایک نقل بطبع کو برائے اندراج

گزٹ صدر ہی سے بھیجی جائے۔ بخدمت آنریبل سکریٹری صاحب

اصل کاغذات واپس کئے جاویں۔ ۲۰؍ دسمبر ۱۹۲۵ء

دستخط عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر